نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کا پہلا راؤنڈ مکمل

لاہور، 7 نومبر 2020:

مرید کے کنٹری کلب لاہور میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے خیبر پختونخوا کو 5 وکٹوں سے ہرادیا۔ فاتح ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 212 رنز کا ہدف 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ عبدالفصیح 56 اور حسین 53 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ دونوں کھلاڑیوں نے چھٹی وکٹ کے لیے 71 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم کرکے ناردرن کو فتح سے ہمکنار کردیا۔ اس سے قبل 65 رنز کے خسارے سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی کے پی کی ٹیم نے میچ کے آخری روز اپنی دوسری اننگز 7 وکٹوں کے نقصان پر 276 رنز پر ڈکلیئر کردی۔ معاذ احمد 80 اور احمد خان 59 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ حارث خان 57 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ناردرن کے مبصر خان نے میچ کی دونوں اننگز میں 3، 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کے پی کے 113 رنز کے جواب میں ناردرن کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 178 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔

نیشنل انڈر19 تھری ڈے چیمپئن شپ کے پہلے راؤنڈ میں دفاعی چیمپئن سندھ نے بلوچستان کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔ فاتح ٹیم نے میچ کے آخری روز 95 رنز کا مطلوبہ ہدف اپنی دوسری اننگز میں 17.5 اوورز میں 1 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کپتان صائم ایوب 42 اور رضوان محمود 27 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ اس سے قبل 129 رنز کے خسارے سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی پوری ٹیم 223 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عدیل میو نے 32 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ انہوں نے میچ میں مجموعی طور پر 9 وکٹیں حاصل کیں۔ بلوچستان کے کپتان محمد ابراہیم سینئر نے 147 رنز بنائے۔ ان کے علاوہ بلوچستان کا کوئی بھی بلے باز متاثر کن کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا۔ پہلی اننگز میں بلوچستان کے 161 رنز کے جواب میں سندھ کی پوری ٹیم 290 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ عدیل میو 84 اور غازی غوری 76 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔

سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب کے درمیان قذافی اسٹیڈیم لاہور میں جاری میچ ڈرا ہوگیا۔ 234 رنز کے تعاقب میں سدرن پنجاب کی ٹیم میچ کے آخری روز کھیل کے اختتام پر 38 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 138 رنز ہی بناسکی۔ عزیر ممتاز 57 اور فیضان ظفر 55 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نے 72 رنز کی سبقت سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو کپتان محمد حریرہ نے 33 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 161 رنز پر اننگز ڈکلیئر کردی۔ اوپنر شاہویز عرفان نے سب سے زیادہ 45 رنز بنائے۔ میچ کی پہلی اننگز میں 1 وکٹ حاصل کرنے والے سدرن پنجاب کے اسپنر فیصل اکرم نے دوسری اننگز میں 62 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ پہلی اننگز میں سنٹرل پنجاب کے 334 رنز کے جواب میں سدرن پنجاب کی پوری ٹیم 262 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ سنٹرل پنجاب کے اسپنر ارحم نواب نے 64 رنز کے عوض 9 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ محمد عمار نے 91 رنز بنائے تھے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*
- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*
- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*

- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available [here]*